سوال

(871) ''تورّک'' دو رکعتی یا ایک رکعتی نماز کے قعدہ میں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

فجر کی نماز میں دوسری رکعت کے بعد اور ایک وِتر پڑھتے ہوئے قعدہ میں تورک اختیار کرنا ہوگا یا ایک پاؤں کھڑا کر کے بائیں پاؤں پر بیٹھیں گے جیسے دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھتے ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مسئلہ ہذا میں اگرچہ اہلِ علم کا اختلاف ہے، لیکن ظاہر یہ ہے کہ دو رکعتی یا ایک رکعتی نماز کے قعدہ میں بھی ''تورک'' ہے۔ کیونکہ حدیث کے الفاظ 'فی الرکعة الأخیرة' عام ہیں۔ امام شافعی رحمہ اللہ کا بھی یہی مسلک ہے۔ (فتح الباری: ۳۰۹/۲)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 740

محدث فتویٰ